شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے سلسلہ میں اجلاس: 20 جمادی الاولیٰ 1432ھ بمطابق 24 اپریل 2011ء بروز اتوار شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے حوالے سے ایک اہم مشاورتی اجلاس جامعہ اشرفیہ لاہور میں حضرت ناظم اعلیٰ وفاق المدارس کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جب حضرت ناظم اعلیٰ وفاق جامعۃ الخیر شعبہ تحفیظ القرآن کے اساتذہ کے ہمراہ جامعہ اشرفیہ پہنچے تو محترم حافظ ابوعبید صاحب اور دیگر علمائے کرام نے ان کا بھرپور استقبال کیا۔ اجلاس میں جامعہ زینب کے مہتمم حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب اور جامعہ اشرفیہ کے اساتذہ نے شرکت کی، اجلاس میں شعبہ تحفیظ کی ترقی واصلاح کے امور پر غور کیا گیا، حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب دامت فیوضہم نے تفصیلاً اظہار خیال کیا اور شرکائے اجلاس کے سوالات کے جوابات بھی دیئے، آخر میں حضرت ناظم اعلیٰ نے خطاب کیا اور دعا کی۔

جنوبی پنجاب کے مدارس کے بارے میں مشاورتی اجلاس: 22 جمادی الاولیٰ 1432ھ بمطابق 26 اپریل 2011ء بروز منگل بعد نماز ظہر دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان، ملتان میں اہم مشاورتی اجلاس ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری کی دعوت پر ان کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں جنوبی پنجاب سے اراکین عاملہ اور مسؤلین حضرات نے شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز حضرت ناظم اعلیٰ نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ اجلاس میں جنوبی پنجاب کی صورتحال پر تفصیلی غور وخوض کے بعد شرکائے اجلاس کی آراء وتجاویز کی روشنی میں اہم امور طے پائے۔

اجلاس میں مولانا ارشاد احمد صاحب، مولانا محمد نواز صاحب، مولانا عبدالخالق مجاہد صاحب، مولانا رشید احمد شاہ صاحب، مولانا مفتی محمد عمر قریشی صاحب، مولانا قاری محمد طیب صاحب، مولانا زبیر احمد صدیقی صاحب، مولانا مفتی ظفر اقبال صاحب، مولانا مفتی خالد صاحب، مولانا مفتی مظہر صاحب، مولانا عبدالمجید صاحب، مولانا خلیل الرحمٰن درخواستی صاحب، مولانا عبدالرحمٰن جامی صاحب، مولانا قاری محمد یوسف صاحب، مولانا غلام رسول صاحب، مولانا سلطان محمود ضیاء صاحب، مفتی فضل محمد صاحب، مولانا مکی صاحب، مولانا اقبال صاحب اور دیگر علمائے کرام نے شرکت فرمائی۔

☆......☆......☆